درسِ عقیدۃ الطحاوی

دلنشیں، عام فہم اور دلائل نقلیہ وعقلیہ سے مدلل جامع تقریر

افادات

مفکرِ اسلام، فقیہ العصر

حضرت مولانا مفتی شاہ محمد نوال الرحمٰن صاحب مفتاحی دامت برکاتہم

امیر رحمتِ عالم فاؤنڈیشن

زیرِ اہتمام

رحمتِ عالم فاؤنڈیشن (امریکہ)

کلماتِ بابرکات

پیرِطریقت عارف باللہ حضرت مولانا شاہ محمد جمال الرحمن صاحب مفتاحی دامت برکاتہم

اسلامی تعلیمات میں عقائد اسلامی کو جو بنیادی حیثیت حاصل ہے وہ سب کے نزدیک مسلم ہے، کیونکہ سارے اعمال کی عنداللہ مقبولیت عقائد ہی کی درستگی پر موقوف ہے۔

اسی اہمیت کے پیش نظر بیشتر اسلامی تعلیمات پر مشتمل جامع کتابوں میں عقائد کا بیان مقدم رہتا ہے، چونکہ وہ کتابیں زندگی کے تمام شعبوں سے متعلق احکام پر مشتمل ہوتی ہیں اس لئے ان میں عام طور پر عقائد کا تذکرہ مختصر ہوتا ہے اور تمام عقائد ضروریہ کی بقدرِ ضرورت تفصیل سے آگاہی نہیں ہوتی، اس لئے بعض کتابیں صرف عقائد کے بارے میں لکھی گئیں، جن میں ایک معروف کتاب عقیدۃ الطحاوی ہے، جس کو تیسری صدی کے جلیل القدر محدث اور فقیہ امام طحاویؒ نے عقائد اہل السنۃ والجماعۃ کی وضاحت کے لئے مرتب فرمایا جو نہایت اہم اور اہل السنۃ والجماعۃ کی متفق علیہ ہے، اور عالمیت کے نصاب میں بہت اہتمام سے پڑھائی جاتی ہے جس کی اگرچہ بعض شروحات بھی ہیں لیکن اتنی مختصر ہیں کہ خاطر خواہ تفصیل سے نہ ہونے سے موجودہ افکار و نظریات کے تصادم کے دور میں طلبہ کو تشفی نہیں ہوتی، بعض کسی قدر بڑی بھی ہیں لیکن عربی میں ہونے کی وجہ سے عوامی دسترس سے باہر ہیں اور طلبہ بھی کما حقہ فائدہ اٹھانے سے قاصر رہتے ہیں۔

بڑی ضرورت تھی کہ عقائد کی تشریح مفصل و مدلل بھی ہو اور معتدل و متوازن بھی، ماضی کے فرقِ ضالہ کی گمراہیوں کی نشان دہی ہو اور موجودہ افکار و نظریات باطلہ کا رد بھی ہو، جس میں دلائلِ نقلیہ اور نصوص شرعیہ کو فوقیت رہے دلائل عقلیہ کے مقابلہ میں، اس لئے کہ اگر آدمی اپنی عقل و فہم ہی کو کسوٹی قرار دے تو پھر راہِ اعتدال پر قائم نہیں رہ سکتا۔

الحمدللہ برادر مکرم مفتی محمد نوال الرحمن صاحب مفتاحی زید مجدہ اس اہم ترین کتاب کا سبقاً سبقاً درس دیا، جس میں طلبۂ کرام بھی ہوتے اور عوام بھی اور ہر ہر عقیدہ پر بڑے شرح و بسط کے ساتھ بیان فرمایا، جس کو مرتب کیا گیا۔ اور مفتی صاحب کے صاحبزادگان عزیزم مفتی عابد اور مفتی ساجد سلمہما الرحمن نے طباعت و اشاعت کے لئے درکار جدوجہد کی۔

مزید برآں بڑی عرق ریزی سے حاشیہ میں حوالہ جات اور عبارتِ کتاب کی لغوی تحقیقات کا اہتمام کیا۔

اس طرح اب یہ کتاب بنام ''درس عقیدۃ الطحاوی'' طلبہ کے لئے ایک بہترین شرح بھی ہے اور عوام کے لئے عقائد اہل السنۃ والجماعۃ پر ایک نہایت قیمتی علمی سرمایہ بھی ہے، زبان عام فہم اور سادہ ہونے کی وجہ سے ہر ایک کے سمجھنے کے لیے آسان بھی، اللہ کرے کہ یہ کوشش عنداللہ مقبول ہو اور اس کا نفع عام اور تام ہو۔

محمد جمال الرحمن

تفصیلاتِ کتاب

جملہ حقوقِ طباعت بحقِ ناشر محفوظ ہیں

نام کتاب	:	درس عقیدۃ الطحاوی
افادات	:	مفکرِ اسلام فقیہ العصر حضرت مولانا شاہ مفتی محمد نوال الرحمن صاحب مفتاحی دامت برکاتہم
زیر سرپرستی	:	پیرِ طریقت عارف باللہ حضرت مولانا شاہ محمد جمال الرحمن صاحب مفتاحی دامت برکاتہم
زیر اہتمام	:	رحمت عالم فاؤنڈیشن، شکاگو، امریکہ۔
طباعت	:	شریعہ بورڈ آف انڈیا، موتی گلی خلوت حیدرآباد۔
کمپوزنگ	:	جناب سید نذیر احمد قادری صاحب
تعداد	:	۱۰۰۰
صفحات	:	۶۴۰
سن طباعت	:	ذی الحجہ ۱۴۳۴ھ، مطابق اکتوبر ۲۰۱۳ء
قیمت	:	۳۵۰

Rahmat-e-Alam Foundation
7045 N Western Avenue, Chicago, IL 60645
Phone No: (773) 764-8274

9 780991 034420

ملنے کے پتے

- آستانۂ صوفی یوسف نگر ٹپہ چبوترہ حیدرآباد، فون نمبر:9703679565
- شریعہ بورڈ آف انڈیا، موتی گلی خلوت گراؤنڈ حیدرآباد، 040-24512525
- دکن ٹریڈرس حیدرآباد۔
- ہندوستان پیپر ایمپوریم، مچھلی کمان حیدرآباد۔
- مکتبہ ابن کثیر، روبرو جامع مسجد ملے پلی، حیدرآباد۔

9 780991 034420